9

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**GROUP – I**

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) سبق ''زیور کا ڈبا'' میں ٹھاکر نے کس سے منتر پڑھوایا؟

الف۔ سادھوؤں سے ب۔ پنڈتوں سے

ج۔ تیاگیوں سے د۔ عاملوں سے

(ii) سر سیّد احمد خان کے خیال میں کس ملک کی رعایا تہذیب و شائستگی میں اُس زمانے کی گورنمنٹ سے آگے بڑھی ہوئی تھی؟

الف۔ امریکہ ب۔ جاپان

ج۔ فرانس د۔ انگلستان

(iii) قبل مسیح کی تاریخوں کو سمجھنے اور سمجھانے کے لیے کیا کرنا پڑتا ہے؟

الف۔ ورزش ب۔ جدوجہد

ج۔ شیش آسن د۔ دوڑ دھوپ

(iv) مستری نے سائیکل کی گدی اور ہینڈل کسنے کے کتنے آنے لیے تھے؟

الف۔ آٹھ آنے ب۔ چھ آنے

ج۔ چار آنے د۔ دو آنے

(v) بیوی نے اپنے جہیز کا کتنے تولے کا سیٹ بیچ کر مکان میں لگایا تھا؟

الف۔ چار تولے ب۔ پانچ تولے

ج۔ چھ تولے د۔ سات تولے

(vi) علامہ اقبالؒ کا شاملِ نصاب خط کس کے نام ہے؟

الف۔ اکبر الٰہ آبادی ب۔ مولانا ظفر علی خان

ج۔ مولانا گرامی د۔ مولانا حالی

(vii) ''لیل و نہار'' اور ''روشِ روزگار'' کس کے ساتھ وابستہ ہیں؟

الف۔ قضا و قدر ب۔ تسکینِ روح

ج۔ بادِ نسیم د۔ بادِ سموم

(viii) ''روتا تھا پھوٹ پھوٹ کے دریا میں ہر حباب'' اس مصرع میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

الف۔ صنعتِ تضاد ب۔ صنعتِ تلمیح

ج۔ صنعتِ مراعاۃ النظیر د۔ صنعتِ حُسن تعلیل

(ix) نظم ''شامِ رنگین'' میں کس نے زیور اتار ڈالے تھے؟

الف۔ شہزادیوں نے ب۔ گلزار زادیوں نے

ج۔ دادیوں نے د۔ آبادیوں نے

(x) شاعر نے ''ایبسٹریکٹ آرٹ'' کی نمائش کو کیا نام دیا ہے؟

الف۔ دیوانے کا خواب ب۔ حسرتِ ناتمام

ج۔ شاہکار د۔ ستائش باہمی

(xi) نظم ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' کس کتاب سے لی گئی ہے؟

الف۔ بالِ جبریل ب۔ ضربِ کلیم

ج۔ جاوید نامہ د۔ بانگِ درا

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xii) کس شاعر کو "رئیس المتغزلین" کہا جاتا ہے؟

الف۔ حسرت موہانی　　ب۔ میر تقی میر

ج۔ داغ دہلوی　　د۔ مومن خان مومن

(xiii) "میدانِ وفا ________ نہیں، یاں نام و نسب کی پُوچھ کہاں"

الف۔ بازار　　ب۔ دربار

ج۔ گلزار　　د۔ دُشوار

(xiv) احمد ندیم قاسمی کس صدی کے شاعر ہیں؟

الف۔ سترھویں　　ب۔ اُنیسویں

ج۔ بیسویں　　د۔ اٹھارویں

(xv) آتش کی شاملِ نصاب غزل کے مقطع میں "مدعی" سے کون مُراد ہے؟

الف۔ مصحفی　　ب۔ ناسخ

ج۔ اِنشا　　د۔ دوست

(xvi) ڈاکٹر حمید اللہ نے قرآنِ حکیم کا ترجمہ کس زبان میں کیا ہے؟

الف۔ فارسی　　ب۔ سنسکرت

ج۔ فرانسیسی　　د۔ اُردو

(xvii) نظم "بڑھے چلو" کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

الف۔ مثنوی　　ب۔ مُسدس ترجیع بند

ج۔ مُثلث　　د۔ مُخمس

(xviii) کس شاعر کے قطعات شاملِ نصاب ہیں؟

الف۔ مرزا محمود سرحدی　　ب۔ انور مسعود

ج۔ سید ضمیر جعفری　　د۔ مولانا ظفر علی خان

(xix) "تیشۂ فرہاد" کی تلمیح کا تعلق کس رومانوی کردار سے ہے؟

الف۔ لیلیٰ　　ب۔ شیریں

ج۔ سسّی　　د۔ ہیر

(xx) غزل کے کس شعر کو حُسنِ مطلع کہتے ہیں؟

الف۔ مطلع　　ب۔ آخری شعر

ج۔ مطلع کے فوراً بعد کا شعر　　د۔ چوتھا شعر

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: ______

۱۰

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## GROUP – I

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) دوسروں پر بھروسا کرنے سے انسانی فطرت پر کیا اثر پڑتا ہے؟

(ii) افسانہ ''اوورکوٹ'' کے نوجوان کی وضع قطع کیسی تھی؟

(iii) میرن صاحب کی ساس نے روانگی کے وقت کیا کیا چیزیں میرن صاحب کو دیں؟

(یا)

اقبالؔ نے لکھا ہے کہ ''میں تو اَب بوجہ مشاغلِ منصبہ کے تارکُ الشعر ہوں'' اِس جملے سے کیا مراد ہے؟

(iv) نظم ''مستقبل کی ایک جھلک'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(v) نظم ''شامِ رنگین'' میں پنگھٹ پر سہیلیوں کی کیا کیفیت بیان کی گئی ہے؟

(یا)

''جلتے ہیں جبرئیلؑ کے پر جس مقام پر'' مولانا ظفر علی خان کی نعت کے مصرعے کی وضاحت کیجیے۔

(vi) اقبالؔ نے اپنی نظم ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' میں ''عِلم کے موتی'' کسے قرار دیا ہے؟

(vii) آتشؔ نے اپنی غزل میں ''سکندر'' اور ''دارا'' کا ذکر کس خاص حوالے سے کیا ہے؟

(viii) ''ایسے سے جو داغؔ نے نباہی'' کا مفہوم واضح کریں۔

(یا)

''کوچہ جاناں'' سے فیض احمد فیضؔ کی کیا مُراد ہے؟

(ix) حسرتؔ نے ''شاعرِ رنگیں نوا'' کی ترکیب استعمال کی ہے، اِس کا سبب کیا ہے؟

(x) قافیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(یا)

تلمیح کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) فرش۔ اوزار، تارکول اور غذا کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(xii) درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:

جہاز کا انجن بالکل بے کار ہو گیا تھا۔ میں سخت گھبرایا اور نہایت ناگوار خیال دل میں آنے لگے۔ اِس اضطراب میں اور کیا ہو سکتا تھا؟ دوڑا ہوا مسٹر آرنلڈ کے پاس گیا۔ وہ اُس وقت نہایت اطمینان کے ساتھ کتاب کا مُطالعہ کر رہے تھے۔ میں نے کہا کہ آپ کو خبر بھی ہے؟ بولے ہاں! جہاز کا انجن ٹوٹ گیا ہے۔ میں نے کہا آپ کو کچھ اضطراب نہیں؟ بھلا یہ کتاب دیکھنے کا موقع ہے؟ بولے کہ جہاز کو برباد ہی ہونا ہے تو یہ تھوڑا سا وقت اور بھی قدر کے قابل ہے اور ایسے قابلِ قدر وقت کو رائیگاں کرنا بے عقلی ہے۔ اُن کے اِستقلال اور جُرأت سے مجھ کو بھی اطمینان ہوا۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ توجہ صرف اس امر کی جانب دِلانا چاہتا ہوں کہ برِّصغیر میں یہ فصلِ گُل آبادی کے سب سے معصوم اور بے گناہ طبقے کے لیے ہر سال نئے ذہنی کرب کا پیغام لاتی ہے، جس میں چار سال سے لے کر چوبیس سال کی عمر تک سبھی مُبتلا نظر آتے ہیں۔ ہمارے ہاں یہ سالانہ امتحانوں کا موسم ہوتا ہے۔ خُدا جانے محکمہ تعلیم نے اِس زمانے میں امتحانات رکھنے میں کون سی ایسی مصلحت دیکھی، ورنہ عاجز کی رائے میں اِس ذہنی عذاب کے لیے جنوری اور جون کے مہینے نہایت مناسب رہیں گے۔

ب۔ سمجھاتے ہوئے عرض کیا۔ میاں بات سمجھنے کی کوشش کیا کرو۔ لیڈر بننے کے لیے بڑے پاپڑ بیلنا پڑتے ہیں زندہ باد ہی کے نعرے بلند نہیں ہوتے۔ مردہ باد کے نعرے بھی ہم نے سنے ہیں۔ صرف پھول ہی نچھاور نہیں کیے جاتے جوتے بھی اچھالے جاتے ہیں۔ جلوس ہی نہیں نکلتا کالی جھنڈیاں بھی دکھائی جاتی ہیں۔ خیر یہ سب کچھ بھی سہی۔ مگر لیڈر بننے کے لیے پولیس کے ڈنڈے بھی کھانے پڑتے ہیں کبھی کبھی اور شیطان کے کان بہرے جیل میں چکّی بھی پیسنا پڑتی ہے۔ بس میں اِن ہی باتوں سے ذرا ڈرتا ہوں۔

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5=7)

الف۔
تھا بس کہ روزِ قتلِ شہِ آسماں جنابؑ
نکلا تھا خُوں مَلے ہوئے چہرے پہ آفتاب
تھی نہرِ علقمہ بھی خجالت سے آب آب
روتا تھا پھُوٹ پھُوٹ کے دریا میں ہر حباب
پیاسی جو تھی سپاہِ خُدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

ب۔
میرے جیسے ہوں گے پیدا سینکڑوں اہلِ سخن
نکتہ نکتہ جن کا آزادی کی جاں ہو جائے گا
شان مزدوری کی دُنیا میں بڑھا دی جائے گی
بے نشاں سرمایہ داری کا نشاں ہو جائے گا
ڈھائی جائے گی بِنا یورپ کے اِستعمار کی
ایشیا آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3=9)

الف۔
کُچھ ایسی دُور بھی تو نہیں منزلِ مُراد
لیکن یہ جب کہ چھُوٹ چلیں کارواں سے ہم

ب۔
لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اِس کارگہِ شیشہ گری کا

ج۔
زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گُل سو زر بکف
قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا

د۔
اِن ناتوانیوں پہ بھی تھے خارِ راہِ غیر
کیوں کر نکالے جاتے نہ اُس کی گلی سے ہم

ہ۔
کِس تجلّی کا دیا ہم کو فریب
کِس دھندلکے میں ہمیں پہنچا گئے

سوال نمبر۶۔ دو دوستوں کے درمیان مطالعہ کُتب کی اہمیت پر مکالمہ لکھیے۔ (5)

سوال نمبر۷۔ کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کریں۔ (5)

Roll No. ______ Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______ Sig. of Invigilator: ______

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

**GROUP – II**

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ''سب غایتوں کی غایتِ ______ تُمھی تو ہو''

الف۔ اوّل ب۔ اُولیٰ
ج۔ اعلیٰ د۔ اکبر

(ii) شاملِ نصاب سبق ''روزمرہ اور محاورہ'' کا نثر کی کس صنف سے تعلق ہے؟

الف۔ ناول ب۔ افسانہ
ج۔ تنقیدی مضمون د۔ داستان

(iii) سبق ''شاہین بچے'' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ مشتاق یوسفی ب۔ ابنِ اِنشا
ج۔ شوکت تھانوی د۔ غلام عباس

(iv) ''کم قیمت دھاتوں کو سونے میں تبدیل کر لینا عین ممکن ہے'' جابر بن حیان کا یہ نظریہ کس صدی تک قائم رہا؟

الف۔ پندرھویں ب۔ سولھویں
ج۔ سترھویں د۔ اٹھارویں

(v) جنوبی ایشیا میں 1999ء کے دوران میں کتنے سگریٹ کام و دہن کو بدبودار کرنے کا باعث بنے؟

الف۔ 200 ارب ب۔ 195 ارب
ج۔ 185 ارب د۔ 175 ارب

(vi) منظور کا باپ پیشے کے اعتبار سے کیا تھا؟

الف۔ درزی ب۔ باورچی
ج۔ زمیندار د۔ حلوائی

(vii) ''ہم گونج ہیں سازِ ارتقاء کی'' یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟

الف۔ آتش ب۔ داغ دہلوی
ج۔ فیض احمد فیض د۔ احمد ندیم قاسمی

(viii) ''بچہ بچہ غیرتِ الپ ارسلاں ہو جائے گا'' اس مصرع میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

الف۔ صنعتِ تضاد ب۔ صنعتِ تلمیح
ج۔ صنعتِ حُسنِ تکرار د۔ صنعتِ حُسنِ تعلیل

(ix) ''مطلع'' کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ عربی ب۔ ہندی
ج۔ سنسکرت د۔ فارسی

(x) ''______ ہاغوشِ اثر ہے آج کی رات''

الف۔ رازِ امانت ب۔ بختِ بیدار
ج۔ دولتِ سرمد د۔ جذبۂ دِل

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) گھر میں جس کا بیوی پر بس نہیں چلتا، وہ باہر آ کر کس کو کوستا ہے؟
الف۔ دنیا ب۔ معاشرہ
ج۔ پاکستان د۔ حکومت

(xii) ''دارا'' کا تعلق کس ملک سے تھا؟
الف۔ یونان ب۔ جرمنی
ج۔ افغانستان د۔ ایران

(xiii) داغؔ نے دل کو کون سا مقام قرار دیا ہے؟
الف۔ استقامت کا ب۔ بے کسی کا
ج۔ عزم کا د۔ ہمت کا

(xiv) ''خدائے سُخن''، کِس شاعر کو کہتے ہیں؟
الف۔ میر دردؔ ب۔ آتشؔ
ج۔ ناصرؔ کاظمی د۔ میر تقی میرؔ

(xv) ''عروجِ سرو وسمن'' سے پہلے ''والیٔ چمن'' کون تھے؟
الف۔ خار وخس ب۔ باغبان
ج۔ جاگیردار د۔ سرمایہ دار

(xvi) مصرع مکمل کیجیے: ''اُس گُو میں جا مریں گے مددائے ____________''
الف۔ ہجومِ غم ب۔ ہجومِ یاد
ج۔ ہجومِ شوق د۔ ہجومِ یاس

(xvii) اختر شیرانی نے میدانِ جنگ کی موت کو سپاہی کے لیے کیا قرار دیا ہے؟
الف۔ بخت ب۔ عید
ج۔ شب برات د۔ بشارت

(xviii) ''نونہالو! تم سے میری یہی شرطِ دوستی ہے کہ تم بس وقت کی قدر کرنا'' یہ جُملہ کس مصنف کا ہے؟
الف۔ ڈاکٹر حمید اللہ ب۔ حکیم محمد سعید
ج۔ حمید عسکری د۔ پطرس بخاری

(xix) ''زیست'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟
الف۔ زیادہ ب۔ ضیاع
ج۔ زبردست د۔ زندگی

(xx) گواہوں کی ضرورت پڑتی ہے:
الف۔ درخواست میں ب۔ رسید میں
ج۔ رُوداد میں د۔ مکالمہ میں

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

12

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## GROUP – II

وقت: 2:35 گھنٹے      کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) قبلہ نانا جان نے کتنے مشاہیر کی تاریخ ولادت و وفات کے قطعے کہ کر مرزا عبدالودود بیگ کو دیے اور مرزا نے کن تاریخی شخصیات کے قطعے بطور نمونہ گا کر سنائے؟

(ii) چڑے نے انسان کے متعلق کیا بات کہی تھی؟

(iii) یہ جاننے کے باوجود کہ عام دھاتوں کو سونے میں مُنتقل کیا جاسکتا ہے، جابر نے خود سونا کیوں نہیں بنایا؟

(یا)

محلے کی عورتوں کو کیا سوچ کر دکھ ہوتا تھا؟ افسانہ ''مائیں'' کی روشنی میں جواب دیجیے۔

(iv) نظم ''ایبسٹریکٹ آرٹ'' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(v) مرزا محمود سرحدی نے اپنے وطن کے جوانوں پر کن الفاظ میں طنز کیا ہے؟

(یا)

ماہر القادری نے اپنی حمد میں مہر و ماہ کو گرمِ سفر کہا ہے، اِس سے کیا مراد ہے؟

(vi) میر انیسؔ نے کس حوالے سے یہ بات کہی ہے کہ آفتاب چہرے پر خوں مَلے ہوئے نکلا تھا؟

(vii) فیض احمد فیضؔ کے خیال میں نام و نسب کے متعلق کہاں پوچھا جاتا ہے اور کہاں نہیں پوچھا جاتا؟

(viii) گجر بجنے سے احمد ندیمؔ قاسمی کی کیا مُراد ہے؟

(یا)

صنم ''عرضِ مُضطرب مومنؔ'' کیوں نہیں سنتا؟

(ix) ''میرؔ جگر سوختہ'' نے اپنے حوالے سے یہ کیوں کہا کہ اُس کی جلد خبر لینی چاہیے؟

(x) تشبیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(یا)

مطلع کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) حیا، برق، کیچڑ اور دھنیا کو اپنے جملوں میں اِس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(xii) درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے، وہ اُس کی ماں ہے۔ سو معلّموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اِس میں سارے احکام اُسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھّی مُنی رعیت پر حُکم نافذ کرتی ہے۔ ہر وقت اُن کے رُو برو وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اِسی واسطے بچوں کے چال چلن پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر۳۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+1+4=6)

**الف۔** کل سے یہ حکم نکلا کہ یہ شہر سے باہر مکان دکان کیوں بناتے ہیں۔ جو مکان بن چکے ہیں انھیں ڈھا دو اور آئندہ کو ممانعت کا حکم سنا دو اور یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں۔ جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے بقدر مقدور نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیہ دے اور ٹکٹ لے، گھر برباد ہو جائے، آپ شہر میں آباد ہو جائے۔ آج تک یہ صورت ہے، دیکھیے شہر کے بسنے کی کون مہورت ہے۔

**ب۔** جابر شیر خوارگی ہی میں یتیم ہو گیا تھا اُس کا باپ حکومت کا مغضوب تھا اور بغاوت کے جُرم میں قتل ہوا تھا۔ اُس کی تربیت عرب کے ایک دور افتادہ علاقے کے ایک بدوی قبیلے میں ہوئی تھی جہاں اُس نے اپنے بچپن اور جوانی کے ایام گزارے تھے۔ یہ تینوں اُمور ایسے تھے جن کے باعث اُس زمانے کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا کوئی موقع اُسے مُیسر نہیں آ سکتا تھا۔ لیکن ان ناسازگار حالات کے باوجود اُس نے اپنی محنت، قابلیت اور ذہانت سے سائنس میں اپنے لیے اتنا اونچا مقام حاصل کر لیا جو اُس کے زمانے میں کسی اور کو حاصل نہ ہوا تھا۔

**سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** (1+1+5=7)

**الف۔**
دلیلِ صُبحِ روشن ہے ستاروں کی تنک تابی
اُفق سے آفتاب اُبھرا، گیا دورِ گراں خوابی
عروقِ مُردۂ مشرق میں خُونِ زندگی دوڑا
سمجھ سکتے نہیں اس راز کو سینا و فارابی
مُسلماں کو مُسلماں کر دیا طوفانِ مغرب نے
تلاطُم ہائے دریا ہی سے ہے گوہر کی سیرابی

**ب۔**
عکسِ شفق نے کی ہے اِس طرح زر فشانی
گُھل مل کے بہ رہے ہیں ندی میں آگ پانی
اوڑھے سیہ ڈوپٹے سرسبز وادیوں نے
زیور اُتار ڈالے گُلزار زادیوں نے
چھایا ہے تھوڑا تھوڑا پیڑوں تلے اندھیرا
چڑیوں نے کھیت چھوڑا لینے لگیں بسیرا

**سوال نمبر۵۔ کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** (3+3+3=9)

**الف۔**
اِدھر تقاضے ہیں مصلحت کے اُدھر تقاضائے دردِ دل ہے
زباں سنبھالیں کہ دل سنبھالیں اسیر، ذکرِ وطن سے پہلے

**ب۔**
بہت آرزو تھی گلی کی تری
سو یاں سے لہو میں نہا کر چلے

**ج۔**
نہ ہمت نہ قسمت نہ دل ہے نہ آنکھیں
نہ ڈھونڈا، نہ پایا، نہ سمجھا، نہ دیکھا

**د۔**
رہتا ہوں غرق اُن کے تصوّر میں روز و شب
مستی کا پڑ گیا ہے کچھ ایسا مزا مجھے

**ہ۔**
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

**سوال نمبر۶۔** دو سہیلیوں کے درمیان شادی پر غیر ضروری رسموں کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

**سوال نمبر۷۔** اپنے کالج کے پرنسپل کے نام فیس کی معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ (5)